# مارٹن ڈیل میں زمین کا دوبارہ مختص استعمال

ہم نے جو سنا ۔ خلاصہ
اگست 2017

**مارٹن ڈیل کمیونٹی مشاورتی عمل - اگست 2017**

معلوماتی سیشن: 15 اگست، 5:00 بجے سہ پہر تا 8:00 بجے شام (407 حاضرین)
17 اگست، 11:00 بجے صبح تا 3:00 بجے سہ پہر (87 حاضرین)
آن لائن: 10 تا 20 اگست، 2017 (سائٹ پر 185 مہمان، 16 ردعمل)

12 جون، 2017 کو کونسل کے مشترکہ اجلاس میں، کونسل نے "اٹینیبل ہومز" کو کثیررہائشی یونٹس کی ڈویلپمنٹ کی اجازت دینے کی مد میں، ایڈمنسٹریشن کو ہدایت دی کہ مارٹن ڈیل میں زمین کے دوبارہ مختص استعمال کی پہلی ریڈنگ دینے کے بعد اضافی عوامی مشاورت کی جائے۔ یہ سٹی آف کیلگری اور مارٹن ڈیل، ٹیراڈیل اور سیڈل رج کی کمیونٹیوں کے درمیان تعلقات مضبوط کرنے کا ایک موقع تھا۔ منصوبہ بندی کے عمل کے بارے میں معلومات فراہم کرنے اور شہریوں کے تحفظات کو سننے کے ذریعے، کمیونٹی پلاننگ کے عملے نے ایسے تحفظات کو بہتر طور پر سمجھا ہے جو اس منصوبے کے ڈویلپمنٹ پرمٹ کے مرحلے پر عوام کی طرف سے اٹھائے جا سکتے ہیں۔

اس مشاورت نے سٹیک ہولڈرز کے لئے سٹی کے منصوبہ سازی عمل کے بارے میں سیکھنے کا ایک اضافی موقع اور اپنے تحفظات کے باہم اظہار کے لئے ایک اور طریقہ کار فراہم کیا۔ جیسے جون میں منعقدہ عوامی سماعت میں زمین کے دوبارہ مختص استعمال کی اس تجویز کی پہلی ریڈنگ کونسل کی طرف سے کی گئی، ویسے انتظامیہ نے یہ معلومات فراہم کیں کہ 11 ستمبر، 2017 کے کونسل اجلاس میں کیا متوقع ہے۔
ایک متعلقہ "موشن ارائزنگ" کے سلسلے میں جب ایڈمنسٹریشن کو سٹیک ہولڈرز اور مارٹن ڈیل، ٹیراڈیل اور سیڈل رج کی کمیونٹیوں کے ساتھ مل کر پارکنگ، ٹرانزٹ اور ٹریفک کے تحفظات کو حل کرنے کے جامع اقدامات تیار کرنے کو کہا گیا، تو پارکنگ اور ٹریفک کے تحفظات سے متعلق آراء جمع کی گئیں۔ 2018 کی پہلی سہ ماہی (کیو1) میں ایڈمنسٹریشن اس "موشن ارائزنگ" پر رپورٹ کرے گی۔

**معلوماتی سیشن ڈیزائن:**

دو ڈراپ ان سیشن جن میں معلومات کو دیکھنے کے لئے گیلری کی سیر، اور میز پر بیٹھ کر بات چیت کا موقع شامل ہیں۔ سیشن دو مختلف اوقات، شام اور دن کے وقت پیش کیے گئے تھے۔
"اٹینیبل ہومز" سے متعلق سوالات کے جواب دینے کے لئے درخواست دھندہ بھی موجود تھا۔ فیڈبیک دو طریقوں سے جمع کیا گیا:

1. کونسل کے ایڈمنسٹریشن کو حوالہ دینے سے متعلق معاون بات چیت کے لئے ٹیبل گروپ (سہولت کار ترجمان اور موضوعاتی ماہرین)
2. "موشن ارائزنگ" سے متعلق خصوصی فیڈبیک فارم

کمیونٹی کے ارکان کے لئے پنجابی، اردو اور ٹگالوگ میں ترجمان میسر تھے۔ انگریزی کے علاوہ، ان تین زبانوں کی شناخت اس علاقے میں سب سے زیادہ عام بولی جانے والی زبانوں کے طور پر کی گئی تھی۔

تمام ٹیبل فیڈبیک کا جائزہ لیا گیا ہے اور ان پٹ کا ایک خلاصہ مرتب کیا گیا ہے جو کہ کمیونٹی کی اشتراکی آراء کے تنوع کی عکاسی کرتا ھے۔ اس فیڈبیک کا استعمال اعلی سطحی موضوعات تخلیق کرنے کے لئے کیا گیا۔ تمام آراء کے تناظر میں چند چیدہ موضوعات جو ابھرے:

| اعلی سطحی موضوع | مثال | سٹی کا جواب |
|---|---|---|
| جگہ کا استعمال | کچھ جواب دہندگان سبزہ وار جگہوں کے ممکنہ نقصان کے بارے میں فکرمند ہیں | 2014 میں محکمہ تفریح نے تعین کیا کہ مزکورہ قطعہ ضرورت سے اضافی ہے۔ |
| | بچوں کے لئے کھیل کے میدان تک رسائی اور بزرگوں کے لئے کھلی جگہ سے متعلق متفکر۔ | اس درخواست کے حصے کے طور پر درخواست دہندہ پر لازم تھا کہ ایک ابتدائی تشخیص برائے نقل و حمل پیش کرے اور ٹرانسپورٹیشن پلاننگ سے منظوری حاصل کرے، جس کے تحت ٹرانسپورٹیشن پلاننگ نے کسی خدشات کا اشارہ نہیں دیا۔<br><br>ڈویلپمنٹ پرمٹ کے مرحلے پر ایک تشخیص برائے اثرات نقل و حمل طلب کی جائے گی۔ |

# مارٹن ڈیل میں زمین کا دوبارہ مختص استعمال

ہم نے جو سنا ۔ خلاصہ
اگست 2017

| | | |
|---|---|---|
| موجودہ استعمال اور قریبی تعمیرات پر اثرات | اضافی حجم کی وجہ سے موجودہ اور متوقع پارکنگ اور بھیڑ کے چیلنج سے متعلق کثافت کے خدشات | اس درخواست کے حصے کے طور پر درخواست دہندہ پر لازم تھا کہ ایک ابتدائی تشخیص برائے نقل و حمل پیش کرے اور ٹرانسپورٹیشن پلاننگ سے منظوری حاصل کرے، جس کے تحت ٹرانسپورٹیشن پلاننگ نے کسی خدشات کا اشارہ نہیں دیا۔<br><br>ڈویلوپمنٹ پرمٹ کے مرحلے پر ایک تشخیص برائے اثرات نقل و حمل طلب کی جائے گی۔ |
| | کچھ جواب دہندگان جینیسس سینٹر پر اس ڈویلپمنٹ کے ممکنہ اثرات کے بارے میں فکرمند ہیں | زمینی استعمال کی تجویز سے متعلق بات چیت میں جینیسس سینٹر شامل تھا۔ |
| سٹی کی کاروائی | سٹی کی کاروائیوں سے متعلق تحفظات، بشمول: زمین کی فروخت، زوننگ اور جب فیصلوں پر اثرانداز ہونے کی صلاحیت ہو۔ | اگست 2017 کے سیشنوں میں فراہم شدہ معلومات نے کمیونٹی کے باشندوں کے لئے منصوبہ بندی کے عمل کو واضح کیا۔ موصول شدہ فیڈبیک سے جو سبق سیکھے گئے وہ اس مد میں مستقبل کے تعلقات پر اثرانداز ہوں گے۔ |

فراہم کردہ ان پٹ کے تفصیلی خلاصے کے لئے، تمام لفظ بہ لفظ ان پٹ سمیت، برائے کرم مکمل تعلقاتی رپورٹ یہاں پردیکھیں: http://engage.calgary.ca/martindale

## ہم نے کیا پوچھا (فیڈبیک فارم)

زمین کے دوبارہ مختص استعمال پر تبادلہ خیال کرنے کے علاوہ، شرکاء کو بالخصوص کونسل کے "موشن ارائزنگ" سے متعلق تحفظات برائے نقل و حمل کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کے لئے ایک رائے فارم مکمل کرنے کے لئے بھی کہا گیا تھا۔ مجموعی طور پر 262 فارم جمع کروائے گئے ۔

ہم نے پوچھا: آپ کی کمیونٹی میں پیدل چلنے، بائکنگ، پارکنگ اور ٹرانزٹ کے متعلق آپ کے کیا تحفظات ہیں؟

| اعلی سطحی موضوع | مثال |
|---|---|
| پارکنگ | تقریبات کے موقع پر جینیسس سینٹر میں پارکنگ کی جگہ میں کمی۔ |
| | رہائشی ترقی کاروں کی تعداد بڑھائے گی اور دستیاب پارکنگ کی جگہ کم کرے گی۔ |
| بھیڑ | یہ علاقہ پہلے سے ہی بہت گنجان ہے۔ اضافی ٹریفک سے ٹریفک کے مزید مسائل پیدا ہوں گے۔ |
| | مزید تعمیر مزید بھیڑ پیدا کرے گی۔ |
| | سیڈل ٹاؤن ٹریفک سرکل پہلے ہی بہت مصروف اور غیر محفوظ ہے۔ |
| پیدل چلنا اور بائیکنگ | مزید پگڈنڈیوں کی ضرورت ہے |

اضافی موضوعات جن کی نشاندہی فیڈبیک فارم اور آن لائن سروے میں کی گئ تھی اور جو براہ راست اس سوال سے متعلق نہیں تھے، ان میں: سبزہ وار جگہیں، کثافت، جینیسس سینٹر کے لئے جگہ، شامل ہیں۔

| آپ کس کمیونٹی میں رہتے ہیں؟ | جوابات کی تعداد |
|---|---|
| مارٹن ڈیل | 28 |
| سیڈل رج | 15 |
| ٹیراڈیل | 12 |
| دیگر | 12 |

## معلوماتی سیشن کے بارے میں لوگوں نے کیسے جانا؟

1 سے 18 اگست تک ارد گرد کی کمیونٹیوں میں آٹھ نمائیاں سائن
مارٹن ڈیل، سیڈل رج اور ٹیراڈیل کے 13،000 باشندوں کو ڈاک بھیجی گئ
10سے 20 اگست تک ان پٹ کے لئے انگیج پورٹل کھلا رہا

# مارٹن ڈیل میں زمین کا دوبارہ مختص استعمال

ہم نے جو سنا ۔ خلاصہ
اگست 2017

سوشل میڈیا مہم:
فیس بک: 28 جولائی سے 17 اگست تک ایک اشتہار
ٹویٹر: @cityofcalgar کارپوریٹ اکاؤنٹ سے ایک ٹویٹ اور
@nextcityyyc سے چار ٹویٹ

**اگلے مراحل**

کونسل سے حوالہ جات: بات چیت ٹیبل اور آن لائن جمع کی گئی شخصی آراء کو اس دستاویز کے ذریعہ فراہم کیا جارہا ہے، اور زمین کے مختص استعمال میں ترمیم کی تجویز پر فیصلہ کرنے میں معاونت کے لئے کونسل کو ایک ضمنی رپورٹ فراہم کی جا رہی ہے

"موشن ارائزنگ" : فراہم کردہ آراء پر نظرثانی کی جائے گی اور اسے ورک پلان کی ترقی اور انگیجمنٹ کی حکمت عملی بنانے کے لئے استعمال کیا جائے گا. انتظامیہ، ممکنہ حل اور متعلقہ بجٹ کی لاگت کے ساتھ 2018 کی پہلی سہ ماہی (کیو1) کے اندر اندر کونسل کے سامنے رپورٹ پیش کرے گی۔